فوری ریلیز کے لیے: 2024/15/7 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے نیو یارک کے اسکولوں میں اسمارٹ فون کے استعمال سے نمٹنے کے لیے ریاست بھر میں سماعتی دورے کا آغاز کیا ہے

اساتذہ، والدین اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ زیرِ بحث گفتگو آنے والے مہینوں میں جاری رہے گی

اس اقدام سے نوجوانوں کی ذہنی صحت اور فلاح و بہبود کے بارے میں گورنر کی قیادت جاری و ساری رہے گی، جس میں عادی بنانے والی سوشل میڈیا فیڈز سے نمٹنے کے لیے ملک میں پہلا قانون، اسکول میں قائم شدہ دماغی صحت کے کلینکس کی توسیع اور "آف لائن ہوں، باہر نکلیں" مہم کا آغاز کرنا شامل ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج ایک ریاست گیر سماعتی دورے کا آغاز کیا ہے جس میں اسکولوں میں اسمارٹ فون کے استعمال سے نمٹنے پر توجہ دی گئی ہے۔ اس سماعتی دورے میں آنے والے مہینوں میں اہم اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ گول میز مذاکرات شامل ہوں گے۔ جیسا کہ گورنر نے زور دیا ہے، کہ اسٹیک ہولڈر کی شمولیت ایک اہم کردار ادا کرے گی جبکہ وہ اسکولوں میں اسمارٹ فونز کے بارے میں ریاست گیر پالیسی کی تجویز تیار کر رہی ہیں جس کا اعلان اس سال کے آخر میں کیا جائے گا۔

"ہم کلاس روم میں کامیابی حاصل کرنے میں نوجوان بچوں کی مدد کر سکتے ہیں اگر ہم اس بات کو یقینی بنائیں کہ وہ صرف کلک اور اسکرول نہیں کر رہے – بلکہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور پیش رفت کر رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہی وجہ ہے کہ میں ریاست بھر میں تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر اسمارٹ فونز کے حوالے سے حل کے مؤثر طریقے تیار کرنے کے لیے کام کر رہی ہوں جو ہمارے بچوں کی ذہنی صحت کے تحفظ اور ہمارے اسکولوں کے لیے بہترین نتائج فراہم کرنے میں مدد گار ثابت ہوں۔"

آج کی ابتدائی گول میز کا انعقاد دارالحکومتی علاقے کے گلڈرلینڈ ہائی اسکول میں کیا گیا تھا اور اس میں کئی مختلف اسکولوں کے منتظمین اور اساتذہ شامل تھے۔ آنے والے مہینوں میں، ریاست بھر میں معلمین، والدین، طلباء اور وکالت کے ایک وسیع سلسلے کے ساتھ، مزید گول میز کانفرنسز منعقد کی جائیں گی۔

جون میں شائع ہونے والے Pew تحقیقی پول کے مطابق، ملک بھر میں ہائی اسکول کے اساتذہ میں سے 72 فیصد کا کہنا ہے کہ ان کے کلاس روم میں ایک بڑا مسئلہ یہ ہے کہ سیل فون کی وجہ سے طلباء کی توجہ منتشر ہوتی ہے۔ اس مسئلے کو حل کرنے اور طلباء، خاندانوں اور اساتذہ کے لیے مزید مثبت نتائج پیدا کرنے کے اپنے عزم کے حصے کے طور پر، گورنر Hochul نے اس موسم بہار میں کہا تھا کہ وہ اسکولوں میں اسمارٹ فون کے ضرورت سے زیادہ استعمال سے نمٹنے کے لیے ریاست گیر پالیسی تجویز کرنے کا ارادہ رکھتی ہیں۔

گورنر Hochul نے اس بات کو بھی اجاگر کیا ہے کہ ریاست بھر میں بہت سے اسکولوں میں - جن میں سے کچھ آج کی گول میز کانفرنس میں نمائندگی کر رہے ہیں - فی الحال انفرادی پالیسیاں موجود ہیں جو اپنے کلاس رومز میں سیل فون کا استعمال حل کرنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ گورنر کی جانب سے انفرادی اسکول کی پالیسیوں کے موجودہ پیچ ورک کی بنیاد پر ریاست بھر میں مختلف اسکولوں اور اسٹیک ہولڈرز کی طرف سے دیکھی جانے والی کامیابیوں اور چیلنجوں کے بارے میں تفصیلی نقطۂ نظر جمع کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

آج کی گول میز کانفرنس کے شرکاء میں شامل ہیں:

- Dr. Marie Wiles، سپرنٹنڈنٹ برائے اسکولز، گلڈرلینڈ سینٹرل اسکول ڈسٹرکٹ
- Joseph Hochreiter، سپرنٹنڈنٹ برائے اسکولز، سٹی اسکول ڈسٹرکٹ برائے البانی
- David Blanchard، سپرنٹنڈنٹ برائے اسکولز، شوہاری سینٹرل اسکول ڈسٹرکٹ
- Erin McNamara، 11 ویں درجے کی اسکول ٹیچر، گلڈرلینڈ ہائی اسکول
- Molly Stammel، 9 ویں اور 10ویں درجے کی اسکول ٹیچر، شیننڈیہووا ہائی اسکول
- Melinda Person، صدر، NYSUT

یہ سماعتی دورہ، نوجوانوں کی ذہنی صحت اور تندرستی کے بارے میں، گورنر Hochul کی قیادت پر مبنی ہے، جس میں عادی بنانے والی سوشل میڈیا فیڈز سے نمٹنے کے لیے ملک میں پہلے قانون پر دستخط کرنا شامل ہے؛ اس کے علاوہ اسکول میں قائم شدہ دماغی صحت کے کلینک اور دیگر وسائل کی توسیع؛ اور اس موسم گرما میں بچوں اور خاندانوں کو اپنا فون چھوڑنے، سوشل میڈیا سے وقفہ لینے اور بیرونی سرگرمیوں سے لطف اندوز ہونے کی ترغیب دینے کے لیے "آف لائن ہوں، باہر نکلیں" مہم کا آغاز شامل ہے۔

آنے والے مہینوں میں اساتذہ، والدین، طلباء اور دیگر وکلاء کے ساتھ اضافی گول میز مذاکرات منعقد کیے جائیں گے۔

اس اقدام سے، نوجوانوں کی ذہنی صحت اور تندرستی کے بارے میں، گورنر Hochul کی قیادت جاری رکھی گئی ہے، جس میں عادی بنانے والی سوشل میڈیا فیڈز سے نمٹنے کے لیے ملک میں پہلے قانون پر دستخط کرنا شامل ہے؛ اس کے علاوہ اسکول میں قائم شدہ دماغی صحت کے کلینک اور دیگر وسائل کی توسیع؛ اور "آف لائن ہوں، باہر نکلیں" مہم کا آغاز اس میں شامل ہے تاکہ اس موسم گرما میں بچوں اور خاندانوں کو اپنا فون چھوڑنے، سوشل میڈیا سے وقفہ لینے اور بیرونی سرگرمیوں سے لطف اندوز ہونے کی ترغیب دی جائے۔

اسکولوں میں سیل فون کی طرف سے لاحق چیلنجز سے، خاص طور پر عالمی وبا کے بعد کے دور میں، تعلیمی نقصان کا لگاتار جاری مسئلہ بھی اجاگر ہوتا ہے۔ گورنر Hochul کی کوششیں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اگلا قدم ہیں کہ ہمارے طلباء کی پوری توجہ سیکھنے پر مرکوز ہو۔

سوشل میڈیا پر بچوں کو محفوظ رکھنے کے لیے ملکی قائدانہ قوانین

جون میں، گورنر Hochul نے قانون سازی کے دو اہم حصوں پر دستخط کیے ہیں جو نیو یارک کے نوجوان افراد کے لیے ایک محفوظ ڈیجیٹل ماحول بنانے میں مدد کریں گے۔

دی SAFE فار کِڈز ایکٹ کے تحت سوشل میڈیا کمپنیوں سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے پلیٹ فارمز پر 18 سال سے کم عمر کے صارفین کے لیے عادی فیڈز محدود بنائیں۔ جب تک والدین کی رضامندی نہیں دی جاتی، 18 سے کم عمر صارفین عادی بنانے والی یہ فیڈز حاصل نہیں کریں گے۔ قابلِ ذکر طور پر، دی SAFE فار کِڈز ایکٹ، اپنی نوعیت کا وہ پہلا قانون تھا جس پر پورے ملک میں کسی بھی ریاست میں دستخط کیے جانے تھے۔

نیو یارک چائلڈ ڈیٹا پروٹیکشن ایکٹ کی جانب سے تمام آن لائن سائٹس اور منسلکہ ڈیوائسز کو 18 سال سے کم عمر کے کسی بھی فرد کا ذاتی ڈیٹا جمع کرنے، استعمال کرنے، شیئر کرنے یا فروخت کرنے سے منع کر دیا جائے گا جب تک کہ وہ ان کی باخبر رضامندی حاصل نہ کر لیں یا جب تک اس ویب سائٹ کے مقاصد کے لیے یہ کام کرنا انتہائی ضروری نہ ہو۔

نوجوانوں کی ذہنی صحت میں ریاست گیر سرمایہ کاریاں کرنا

پوری ریاست میں، ذہنی صحت کے شعبے پر اپنی 1$ بلین کی سرمایہ کاری کے ایک جزو کے طور پر گورنر Hochul نے نوجوانوں اور ان کے خاندانوں کے لیے ذہنی صحت کی دیکھ بھال اور وسائل تک رسائی کو بھی نمایاں طور پر بڑھایا ہے۔ مالی سال 2025 کے نافذ کردہ بجٹ میں گورنر نے اضافی سرمایہ کاری حاصل کرتے ہوئے نوجوانوں کی مدد اور خدمات پر توجہ مرکوز رکھی ہے۔

گورنر Hochul نے اپنے نافذ شدہ بجٹ میں پوری ریاست بھر میں بچوں کے لیے ذہنی صحت کی معاونت کو بڑھانے اور انکی آوازیں سننے کو یقینی بنانے والے کئی اقدامات کیے ہیں، جس سے انکا وہ ایجنڈا مزید بہتر ہوا ہے جو انہوں نے جنوری میں اپنے اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ خطاب میں پیش کیا تھا۔ اسکولوں میں قائم شدہ ذہنی صحت کے کلینکس کے لیے گورنر نے $20 ملین کی اسٹارٹ اپ فنڈنگ کا اعلان بھی کیا تھا اور ساتھ ہی ایک گردشی درخواست بھی شروع کی تھی جو کہ دلچسپی رکھنے والے اسکولوں کے لیے یہ سیٹلائٹس قائم کرنا زیادہ آسان بنا دے گی۔ یہ اعلان اسکولوں میں قائم کیے جانے والے 137 نئے کلینکس کی معاونت کے لیے نومبر میں تفویض شدہ $5.1 ملین کو مزید مہمیز دے رہا ہے جن میں 82 شدید ضرورت مند اسکول بھی شامل ہیں، اور اسکے نتیجے میں پوری ریاست میں ایسے کلینکس کی مجموعی تعداد 1,200 سے زیادہ ہو چکی ہے۔

گورنر کے مالی سال 2025 کے نافذ کردہ بجٹ میں $19 ملین سے زیادہ کی ایک سرمایہ کاری بھی شامل ہے تاکہ اسکول کے ماحول سے باہر نوجوانوں کو اہم نگہداشت فراہم کی جا سکے جس میں اپنی کمیونٹی میں علاج حاصل کرنے والے نوجوانوں کے لیے وسائل میں اضافہ یا، جب ضروری ہو، رہائشگاہ میں کی جانے والی نگہداشت میں اضافہ کرنے جیسے امور بھی شامل ہیں۔ یوتھ اسرٹیو کمیونٹی ٹریٹمنٹ (Youth Assertive Community Treatment) ٹیمز، جیسے ایسے اہم اقدامات، جو رہائشی یا ہسپتال داخل ہونے کے لائق نفسیاتی علاج کے خطرے سے دوچار نوجوانوں کو مکمل خدمات اور مدد فراہم کرتی ہیں، ایسے اقدامات کو $9.6 ملین کی مدد سے بڑھایا جائے گا تاکہ گھر اور ان کی کمیونٹی کے اندر جہاں بھی ممکن ہو، ان کی خدمت جاری رکھی جا سکے۔ مزید برآں، گورنر نے خاص طور پر بچوں اور خاندانوں کی خدمت کرنے والے ذہنی صحت کے لائسنس یافتہ معالجین کے لیے قرض معافی پروگرام میں مدد و معاونت کے لیے اضافی $4 ملین کی رقم بھی حاصل کی ہے۔

نوجوانوں کو "آف لائن ہونے، باہر نکلنے" میں مدد کرنا

اس موسمِ گرما میں گورنر Hochul نے"آف لائن ہوں، باہر نکلیں" مہم کا آغاز کیا ہے تاکہ نیو یارک کے بچوں اور ان کے خاندانوں کو اپنے فونز چھوڑ کر، سوشل میڈیا سے وقفہ لیتے ہوئے، اور تفریح اور بیرونی سماجی میل جول کے اجتماعات سے لطف اندوز ہونے میں مدد دیتے ہوئے جسمانی اور ذہنی صحت کو فروغ دیا جائے۔ نیو یارک ریاستی پارکس میں پُول فیس معاف کرنے، بیرونی سرگرمیوں اور دیگر اعلانات تک رسائی بڑھانے کے علاوہ، اس مہم کی وجہ سے اس موسم گرما میں ریاستی پارکس میں حاضری میں پہلے ہی بڑے اضافے کی ترغیب پیدا ہوئی ہے۔ حالیہ طور پر 4 جولائی کی ہفتہ وار تعطیل پر ریاستی پارک میں حاضر ہونے والے لوگوں کی تعداد ریاست بھر میں 2.8 ملین سیاحوں تک پہنچ گئی تھی – جو کہ گزشتہ سال میں اسی عرصے کی مدت کے مقابلے میں ایک 30 فیصد اضافہ ہے۔

###